جناب اکبر رحمانی

مدیر ماہنامہ آموزگار جلگاؤں انڈیا

افکار معاصرین

ماہنامہ محدث لاہور

مدیر اعلیٰ : حافظ عبدالرحمٰن مدنی

قیمت عام شمارہ : دو روپے زرِ سالانہ : ۲۰ روپے

ملنے کا پتہ : ۹۹ جے ماڈل ٹاؤن لاہور

اس الحاد اور مادیت کے دور میں ایک خالص علمی و دینی رسالے کی اشاعت خاصا مشکل کام ہے۔ "مجلس التحقیق الاسلامی" لاہور کا یہ ترجمان دسمبر ۱۹۷۰ء سے نہایت پابندی سے شائع ہو رہا ہے۔ نفیس کتابت، آفسٹ کی حسین طباعت، کاغذ سفید اور سرِ ورق اعلیٰ آرٹ پیپر رنگین، سائز $\frac{20 \times 26}{8}$، صفحات ۴۸۔ رسالہ ظاہری و باطنی دونوں اعتبار سے اعلیٰ و معیاری ہے۔ مندرجات و مشمولات کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ مسلک اہلحدیث کا ترجمان ہے لیکن دیگر مسالک کے خلاف عناد و تعصب کی جھلک کہیں نظر نہیں آتی۔ دینی مسائل کے علاوہ سیاست کے مسائل پر بھی فکر انگیز مضامین و مقالات شائع ہوتے ہیں۔ ہر جگہ منصفانہ اور معتدلانہ رویہ دکھائی دیتا ہے۔ "آموزگار" کے اجراء کے بعد سے یہ رسالہ پابندی سے تبادلہ میں آ رہا ہے۔ اس وقت میرے پیش نظر نومبر ۸۲ء کا شمارہ ہے۔ فکر و نظر کے تحت مدیر معاون اکرام اللہ ساجد کا فکر انگیز اداریہ ہے۔ دار الافتا ایک مستقل کالم ہے جس میں مولانا عزیز زبیدی مختلف مسائل کی قرآن و احادیث کی روشنی میں تشریح کرتے ہیں۔ مقالات میں الاستاذ محمد ابراہیم شقرہ کا مقالہ "نبوی اندازِ تربیت" قابلِ مطالعہ ہے۔ تحقیق و تنقید کے عنوان کے تحت مولانا عبدالرحمٰن کیلانی کے مقالہ نظریۂ ارتقاء کی دوسری اور آخری قسط ہے۔ اس مقالے میں مقالہ نگار نے ڈارون کے نظریۂ ارتقاء کے تار پود بکھیر کر رکھ دیے ہیں۔ در اصل ان میں منکرِ حدیث پرویز کے افکار کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔ تاریخ و سیر کے تحت مضامین بھی کافی تحقیقی اور علمی ہیں۔